سوال

(390) نفاس کی حالت میں عورت اور بچہ فوت ہوجائے تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت اپنے نفاس کی حالت میں فوت ہوگئی ہو، اور بچہ بھی فوت ہوگیا ہو تو نماز جنازہ میں انہیں کس ترتیب سے رکھا جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی عورت بحالت نفاس فوت ہوگئی ہو اور بچہ بھی اس کے ساتھ ہو اور نماز جنازہ کے لیے انہیں لایا جائے، تو اس میں تفصیل ہے۔ اگر وہ بچہ لڑکا ہو تو امام کی طرف اس لڑکے کو رکھا جائے گا، اور اگر وہ لڑکی ہو تو اس کی ماں امام کی طرف رکھی جائے گی۔ کیونکہ ماں اس سے بڑی ہے، اور بڑے کی فضیلت ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر (ایک چھوٹے سے فرمایا تھا) 'کبر کبر' بڑے کو بات کرنے دے، بڑے کو بات کرنے دے۔ ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 328

محدث فتویٰ